اسکول میں کھانے کے وقفے کے بارے میں ایک اور دلچسپ چیز یہ ہے کہ ہر روز دائرے میں ہم اپنی جگہ تبدیل کر لیتے ہیں اور مختلف بچوں کے ساتھ بیٹھتے ہیں۔ مجھے واقعی یہ بہت پسند ہے کیونکہ اس سے نئے نئے بچوں سے ملاقات ہوتی ہے اور نئے نئے دوست بنائے جاسکتے ہیں۔

کھانا ہمیشہ اچھا نہیں ہوتا تھا۔ کبھی کبھی چاول معمولی قسم کے ہوتے تھے، کبھی کبھی ٹھیک سے پکے ہوئے بھی نہیں ہوتے تھے۔ کچھ والدین کو یہ پسند نہیں تھا کہ ان کے بچے ایسا کھانا کھائیں۔ ان کو دیدی مونی نے سمجھایا کہ یہ خیال رکھنا ہر ایک کا فرض ہے کہ ہر بچے کو تازہ، گرم اور صحیح طریقہ سے پکا ہوا کھانا ملے۔ اور یہ بھی ضروری ہے کہ ہر بچے کو دوپہر کا کھانا باقاعدگی سے ملے۔ والدین نے بھی طے کیا کہ وہ اس سلسلے میں مدد کریں گے۔

اب حالات بہتر ہیں۔ ہم گرم، تازہ اور صحیح طور پر پکا ہوا کھانا کھاتے ہیں۔ چھوٹے بچے کبھی کبھی اپنا سارا کھانا ختم نہیں کر پاتے ہیں، مگر میرے دوست اور میں کھانا کھانے کے بعد بھی کبھی کبھی تھوڑے بھوکے رہ جاتے ہیں۔

آج کل بہت سے اسکول میں دن کے دوران کھانا دیا جاتا ہے۔ جب میری دیدی پرائمری اسکول میں پڑھتی تھیں تب بچوں کو دوپہر کا کھانا اسکول میں نہیں ملتا ہیں۔ کچھ بچے صبح اسکول بغیر کچھ بھی کھائے ہوئے آتے تھے۔ تصور کرو! خالی پیٹ اگر پڑھنا پڑے تو کیسا لگے گا۔

## معلوم کرو اور اپنی کاپی میں لکھو۔

- تمھارے رے اسکول میں جو کھانا دیا جاتا ہے اس کے بارے میں لکھو۔ اگر تمھیں اسکول میں کھانا نہیں ملتا ہے تو کسی دوست یا کسی اور لڑکے سے معلوم کرو جس کو اسکول میں کھانا ملتا ہے۔
  - کس وقت کھانا لگایا جاتا ہے؟
  - اسکول میں کھانے میں تمھیں کیا ملتا ہے؟
  - کیا تمھیں درمیانی وقفے یا دوپہر کا کھانا (مڈ ڈے میل) اچھا لگتا ہے؟
  - جو کھانا تمھیں ملتا ہے کیا وہ تمھارے لیے کافی ہے؟



© NCERT not to be republished

